18-09-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---------------------------------------------------------------

1 جموں وکشمیر میں پہلے مرحلے کے اسمبلی انتخابات شروع ہوگئے ہیں۔ یہاں 24 سیٹوں پر ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔ دفعہ 370 ختم کئے جانے کے بعد یہ انتخابات پہلی بار ہورہے ہیں، جن کیلئے وسیع حفاظتی انتظامات کئے گئے ہیں۔

2 مرکز نے، خردنی تیل انجمنوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ خردنی تیل کی قیمتوں میں اُس وقت تک اضافہ نہ کریں جب تک، کم کسٹمس ڈیوٹی پر درآمد کیا گیا موجودہ ذخیرہ دستیاب ہے۔

3 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج راجستھان میں MNIT جے پور کے، سندوں کی تقسیم کے سالانہ جلسے میں شرکت کریں گی۔

4 وزیراعظم نریندر مودی، کواڈ رہنماؤں کی چوتھی سربراہ کانفرنس میں شرکت کیلئے 21 ستمبر کو امریکہ جائیں گے۔

5 اقوام متحدہ نے کہا ہے کہ لبنان میں پیجر دھماکے، تشویش میں بہت زیادہ اضافہ کرنے کے موجب ہیں۔

6 اور وزیراعظم نریندر مودی نے، بھارت کی مردوں کی ہاکی ٹیم کو، ریکارڈ پانچویں مرتبہ ایشین چمپئنس ٹرافی جیتنے پر مبارکباد دی ہے۔

)

اب خبریں تفصیل سے۔

Rev. J&K Assembly Elections

جیسا کہ جموں و کشمیر میں آج اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کی پولنگ شروع ہوگئی ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی اور وزیر داخلہ امت شاہ نے ریاست میں ووٹروں پر زور دیا ہے کہ وہ بڑی تعداد میں آئیں اور اپنے حق رائے دہی کا استعمال کریں۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے اسمبلی حلقوں میں جہاں آج پولنگ ہو رہی ہے سبھی پر زور دیا ہے کہ وہ بڑی تعداد میں آئیں اور جمہوریت کے اس فیسٹیول کو مضبوطی دیں۔

انھوں نے نوجوانوں اور پہلی بار ووٹ دینے والوں کی اس بات کے لیے حوصلہ افزائی کہ وہ اپنے حق رائے دہی کا استعمال کریں۔

وزیر داخلہ امت شاہ نے اس بات پر زور دیا ہے کہ ایک مضبوط حکومت ہی جموں و کشمیر میں دہشت گردی سے پاک ماحول قائم کر سکتی ہے، وہاں کے شہریوں کے حقوق کا تحفظ کرسکتی ہو اور ترقیاتی کاموں کو تیز کیا جاسکے۔ جناب شاہ نے ایک ایسی حکومت منتخب کرنے کے لیے کہا جو نوجوانوں کی تعلیم، روزگار، خواتین کو بااختیار بنائے جانے اور خطے میں علیحدگی پسندی اور اقربا پروری کو ختم کرنے کے تئیں عہد بستہ ہو۔

Haryana Election

ہریانہ میں اسمبلی انتخابات کیلئے داخل کئے گئے کاغذات نامزدگی واپس لینے کے، پیر کو آخری دن کے بعد، اب کُل امیدوار ایک ہزار 31 رہ گئے ہیں۔

ہریانہ کے اعلیٰ انتخابی افسر پنکج اگروال نے کَل بتایا کہ اِن میں خاتون امیدواروں کی تعداد 101 ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ 462 آزاد امیدوار چناؤ میں حصہ لیں گے۔ ریاست میں ایک ہی مرحلے میں، اگلے مہینے کی 5 تاریخ کو ووٹنگ کرائی جائے گی۔

اِسی دوران ریاست میں چناؤ مہم میں تیزی آگئی ہے۔ مختلف سیاسی پارٹیوں کے رہنما، ریلیوں اور میٹنگوں کا انعقاد کررہے ہیں۔

BJP کے سینئر رہنما اور وزیر داخلہ امت شاہ نے کَل بِھوانی اور فریدآباد میں چناؤ ریلیوں سے خطاب کیا۔ بھِوانی ریلی میں انھوں نے کانگریس پر یہ کہتے ہوئے نکتہ چینی کی کہ

پارٹی، درجِ فہرست ذاتوں، درجِ فہرست قبیلوں اور پسماندہ طبقوں کے ریزرویشن کے خلاف ہے۔

فریدآباد میں ریلی سے خطاب کرتے ہوئے جناب شاہ نے کہا کہ BJP، سماجی بہبود کیلئے کام کرتی ہے۔ انھوں نے کانگریس پر الزام لگایا کہ وہ صرف اپنے کنبے کی بھلائی کیلئے کام کرتی ہے۔ جناب شاہ نے کہا کہ جب کانگریس اقتدار میں تھی تو بدعنوانی اور غنڈہ گردی بڑھ گئی تھی، لیکن BJP نے اِس کا خاتمہ کیا۔

S/B- Amit Shah

ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ BJP نے موجودہ رکن اسمبلی راجیش ناگر کو، تِگاؤں اسمبلی سیٹ سے، میدان میں اتارا ہے۔ ہریانہ سرکار میں دو بار کے وزیر اور رکن اسمبلی مول چند شرما، بلبھ گڑھ سیٹ سے چناؤ لڑ رہے ہیں۔

president Visit

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو راجستھان، مدھیہ پردیش اور جھارکھنڈ کے تین روزہ دورے پر جائیں گی جو آج سے شروع ہو رہا ہے۔ صدر جمہوریہ آج جے پور میں Malaviya نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف ٹیکنالوجی (NMIT) کے جلسہئ تقسیم اسناد کی تقریب میں مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کریں گی اور کنوکیشن تقریب سے خطاب کریں گی۔ صدر جمہوریہ طلبا کے لیے نئے Aravali ہوسٹل کا بھی افتتاح کریں گی۔ راجستھان کے گورنر Haribhau Kisanrao Bagde اور وزیراعلیٰ بھجن لال شرما بھی پروگرام میں شرکت کریں گے۔

ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ MINIT کے ڈائریکٹر پروفیسر نارائن پرساد Padhi نے بتایا ہے کہ کنوکیشن کی اس تقریب میں کُل ایک ہزار 361 ڈگریاں تفویض کی جائیں گی۔ ان میں سے 402 ڈگریاں طالبات کو دی جائیں گی۔

جمعے کے روز صدر مرمو جھارکھنڈ میں رانچی کے ICAR نیشنل انسٹی ٹیوٹ آف سیکنڈری ایگریکلچر کی صد سالہ تقریبات میں شرکت کریں گی اور تقریب سے خطاب کریں گی۔

ایک رپورٹ

V/C Sanjeev Sharma

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج اپنے دورے کے پہلے دن اندور میں Mriganayani ایمپوریم جائیں گی اور اُن دستکاروں سے ملاقات کریں گی، جنھوں نے اپنے ہنر میں شہرت حاصل کی ہے۔ Mriganayani مدھیہ پردیش سرکار کا ہینڈلوم ساڑیوں کا ایک اہم مرکز ہے۔

صدر جمہوریہ کَل مدھیہ پردیش کا دورہ کریں گی جہاں وہ Safai Mitra Sammelan سے خطاب کریں گی اور Ujjain میں اِندور-اُجین کے چھ لین والے سڑک پروجیکٹ کا سنگِ بنیاد رکھیں گی۔ صدر جمہوریہ مہاکالیشور مندر بھی جائیں گی۔ محترمہ مرمو شری مہاکال لوک کے مجسمہ نگاروں کے ساتھ بھی بات چیت کریں گی۔

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اسی دن اِندور میں Devi Ahilya یونیورسٹی کے 14 ویں جلسہ تقسیم اسناد میں بھی شرکت کریں گی۔

بھوپال سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں..........

VP Gandhinagar

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ آج گاندھی نگر میں چوتھی RE Invest میٹنگ کے اختتامی جلسے کی صدارت کریں گے۔

مرکزی وزیر پرہلاد جوشی نے کَل بتایا کہ ریاستی سرکار اور پرائیویٹ مصنوعات سازوں سمیت مختلف فریقوں نے اگلے چھ سال میں، قابل تجدید توانائی کے پروجیکٹوں میں 32 اعشاریہ چار پانچ لاکھ کروڑ روپے کی سرمایہ کاری کا عزم کیا۔

S/B- Prahlad Joshi

گاندھی نگر میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ بھارت، توانائی کے شعبے میں یکسر تبدیلی کے حالیہ دور میں ایک قاعد ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہ وقت لوگوں میں، قابل تجدید توانائی کے بارے میں بیداری میں اضافہ کرنے کا وقت ہے۔

Centre Edible Oil

مرکز نے، خردنی تیل کی سرکردہ انجمنوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ خردنی تیل کی قیمتوں میں اُس وقت تک اضافہ نہ کریں جب تک درآمد کیا گیا موجودہ ذخیرہ اور ساڑھے بارہ فیصد کی بنیادی کسٹمس ڈیوٹی ختم نہ ہوجائے۔

خوراک اور تقسیم عامہ کے محکمے کے سکریٹری سنجیو چوپڑا نے کَل نئی دلی میں تیل کی مختلف کمپنیوں کے نمائندوں کے ساتھ، قیمت مقرر کرنے کی حکمت عملی پر تبادلہ خیال کیلئے منعقد کی گئی ایک میٹنگ کی صدارت کی۔

حکومت نے ایک حالیہ فیصلے میں، تِلہن کی گھریلو قیمتوں میں مدد کیلئے مختلف خردنی تیلوں پر بنیادی کسٹم ڈیوٹی میں اضافہ کیا تھا۔

صارفین امور، خوراک اور تقسیم عامہ کی وزارت نے ایک بیان میں کہا کہ یہ حکمت عملی، اُن سرکاری کوششوں کا حصہ ہیں جو وہ گھریلو تِلہن کسانوں کو تقویت دینے کیلئے کررہی ہے۔ خاص طور پر اُن کسانوں کو جن کے بارے میں امید ہے کہ اُن کی سویابین اور مونگ پھلی کی فصلیں اگلے مہینے مارکیٹ میں آجائیں گی۔

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

PM US Visit

وزیراعظم نریندر مودی اِس مہینے کی 21سے 23 تاریخ تک امریکہ کا دورہ کریں گے۔ وہ 21 ستمبر کو Delaware میں Wilmington شہر میں منعقد ہونے والی، کواڈ رہنماؤں کی چوتھی سربراہ میٹنگ میں شرکت کریں گے۔ امریکہ کی طرف سے سربراہ کانفرنس کی میزبانی کی درخواست کئے جانے کے بعد بھارت نے اگلی کواڈ سربراہ کانفرنس کی میزبانی کی درخواست قبول کرلی ہے، جو 2025 میں منعقد ہوگی۔ 2024 کی اس سربراہ کانفرنس کی میزبانی امریکہ کررہا ہے۔

وزارت خارجہ نے بتایا کہ سربراہ کانفرنس میں رہنما پچھلے ایک سال کے دوران کواڈ کی طرف سے کی گئی پیشرفت کا جائزہ لیں گے۔ وہ بھارت-بحرالکاہل خطے کے ملکوں کی مدد

کیلئے اگلے سال کا ایجنڈا طے کریں گے۔ یہ ایجنڈا اِن ملکوں کے ترقیاتی مقاصد اور امنگوں کو پورا کرنے سے متعلق ہوگا۔

جناب مودی نیویارک میں اس مہینے کی 23 تاریخ کو اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی میں ”مستقبل کی سربراہ کانفرنس“ سے خطاب کریں گے۔ اس کانفرنس کا موضوع ہے: ”ایک بہتر کَل کیلئے کثیر ملکی طریقِ کار“۔

سربراہ کانفرنس سے الگ وزیراعظم مودی مختلف عالمی رہنماؤں کے ساتھ دوطرفہ ملاقاتیں کریں گے اور باہمی مفاد کے معاملات پر بات چیت کریں گے۔

وزیراعظم نیوکارک میں بھارتی برادری کے ایک اجتماع سے بھی خطاب کریں گے۔

Pager Explosion UN

اقوام متحدہ نے کہا ہے کہ لبنان میں پیجر دھماکے، تشویش میں انتہائی درجے کے اضافے کے موجب ہیں۔ اقوام متحدہ کے، لبنان امور کے خصوصی رابطہ کار Jeanine Henins Plasschaert نے سبھی متعلقہ فریقوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ مزید ایسے کسی قدم سے گریز کریں جس سے وسیع تر پیمانے پر اشتعال انگیزی ہو اور اِسے کوئی بھی برداشت نہ کرسکے۔ انھوں نے سبھی متعلقہ فریقوں سے فوری طور پر امن وسکون بحال کرنے کیلئے کہا ہے تاکہ استحکام کو اولین ترجیح دی جاسکے۔ یہ بیان ایسے وقت میں دیا گیا ہے جب امریکی حکام، اسرائیل اور حزب اللہ کے درمیان کشیدگی کو ختم کرنے کی کوششیں کررہے ہیں۔

اس کشیدگی سے ایران کو تہران میں پچھلی جولائی میں اسرائیل کی طرف سے بمباری کئے جانے کے بعد اُس کے خلاف جوابی کارروائی کرنے سے باز رکھنے کی امریکہ کی کوششیں ناکام ہوسکتی ہیں۔

Netanyaho Defence Meeting

اسرائیل کے وزیراعظم بنیامن نیتن یاہو اور وزیر دفاع Yoav Gallant نے، تل ابیب میں HaKirya فوجی ٹھکانے پر سکیورٹی سے متعلق ایک جائزہ میٹنگ منعقد کی۔ یہ میٹنگ کَل لبنان میں جان لیوا Pager دھماکوں کے تناظرمیں کی گئی۔

دوسری طرف حزب اللہ نے کہا ہے کہ وہ، اِن دھماکوں کے پیچھے وجوہات کا پتہ لگانے کیلئے، سکیورٹی اور سائنسی تحقیقات کررہا ہے۔ گروپ نے ایک الگ بیان میں، اسرائیل کو اِن دھماکوں کا موردِ الزام قرار دیا ہے۔ البتہ اسرائیل نے اِن دھماکوں کی ذمہ داری قبول نہیں کی ہے۔

UP FLood

اترپردیش میں شدید بارش اور باندھوں سے دریاؤں میں مسلسل پانی چھوڑے جانے کے سبب ریاست کے 24 ضلعوں میں رہ رہے پانچ لاکھ سے زیادہ افراد سیلاب سے متاثر ہیں۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

Sushil Tiwari

ریاست کا تقریباً ایک تہائی علاقہ سیلاب کی زد میں ہے۔ سبھی بڑے دریا طغیانی پر ہیں اور کئی ضلعوں میں گنگا اور گھاگرا دریا خطرے کے نشان سے اوپر بہہ رہے ہیں۔ بڑے شہروں کے نچلے علاقے، سیلاب کی زد میں ہیں۔ خاص طور پر وارانسی اور پریاگ راج میں ہزاروں کنبوں نے امدادی کیمپوں میں پناہ لی ہے اور انتظامیہ انھیں ہر قسم کی مدد فراہم کر رہا ہے۔ پریاگ راج میں ایک سو سے زیادہ گاؤں سیلاب سے متاثر ہیں اور سیلاب کی صورتحال کے سبب آج بھی اسکول بند رہیں گے۔ وارانسی میں سبھی بڑے گھاٹ بھی زیر آب آگئے ہیں اور فی الحال دریا میں کشتی چلانے پر پابندی عائد ہے۔

NDRF، SDRF اور PAC کی کم و بیش 78 ٹیموں کو سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں تعینات کیا گیا ہے۔

لکھنؤ سے سشیل چند تیواری کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں............

IMD Weather

بھارت کے محکمہ موسمیات IMD نے، مدھیہ پردیش، اترپردیش اور راجستھان میں آج بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ ہریانہ، چنڈی گڑھ، ناگالینڈ، منی پور، میزورم، تریپورہ اور انڈومان نکوبار جزائر کے حصوں میں بھی دور دور تک شدید بارش کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے کہا ہے کہ شمالی مدھیہ پردیش اور اس سے متصل جنوب

مغربی اترپردیش میں آج شام تک 60 کلومیٹر فی گھنٹے کی رفتار سے تیز ہوائیں چلنے کا امکان ہے۔ اس کے بعد اس میں کمی آجائے گی۔

SL Prez Election

سری لنکا میں صدارتی انتخابات کیلئے چناؤ مہم آج آدھی رات کو ختم ہوجائے گی۔ ملک کے انتخابی کمیشن نے کہا ہے کہ شفاف اور آزادانہ انتخابی عمل کو یقینی بنانے کیلئے سخت ضابطے نافذ کئے گئے ہیں۔

PM Hockey

وزیراعظم نریندر مودی نے بھارت کی مردوں کی ہاکی ٹیم کو، ایشین چمپئنس ٹرافی 2024 جیتنے پر مبادکباد دی ہے۔ جناب مودی نے اپنے پیغام میں کہا ہے کہ اُن کی کارکردگی، جذبہ اور خود کو وقف کردینا ملک کیلئے فخر کی وجہ بنا ہے۔

بھارت نے مردوں کی ایشین چمپئنس ٹرافی، ریکارڈ پانچویں بار جیتی ہے۔ اُس نے کَل شام Hulunbuir میں میزبان چین کو، ایک-صفر سے شکست دی ہے۔

بھارت کے جُگراج سنگھ نے ایک زبردست مقابلے میں، چوتھے کوارٹر میں ایک گول کیا۔ ٹیم انڈیا، جو دفاعی چمپئن ہے، ایشین چمپئنس ٹرافی میں سب سے زیادہ کامیاب ٹیم ہے، جس کے پاس پانچ خطابات ہیں۔

یہ تھی خبریں

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ......توحید حقانی

شکریہ -اسلم

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے وزیراعظم نریندر مودی کے ذریعے اوڈیشہ میں دو ہزار 800 کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے ریلوے پروجیکٹوں کا افتتاح کئے جانے اور سنگِ بنیاد رکھے جانے کی خبر کو اولیت دی ہے۔

ادھر روزنامہ ملاپ نے مودی حکومت کی تیسری مدت کے 100 دن مکمل ہونے کی خبر کو پہلی بڑی خبر بنایا ہے۔ اخبار لکھتا ہے کہ مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے 100 دن میں کئے گئے مختلف کاموں سے متعلق تفصیلات دیں۔

ساتھ ہی اخباروں نے وزیراعظم نریندر مودی کے کل 74ویں یوم پیدائش پر سرکردہ رہنماؤں کے ذریعہ انھیں مبارکباد پیش کئے جانے کی خبر کو پیش کیا ہے۔

روزنامہ انقلاب، راشٹریہ سہارا، پرتاپ اور ہندوستان ایکسپریس سمیت آج کے تقریباً سبھی اخباروں نے دلی کے وزیراعلیٰ کیجریوال کے مستعفی ہونے اور آتشی کو دلّی کا نیا وزیراعلیٰ بنائے جانے کی خبر کو پہلے صفحے کی سرخی بنایا ہے۔

روزنامہ ملاپ اور دیگر کئی اخباروں نے صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کے 8ویں انڈیا واٹر ویک کے موقع پر دیے گئے اس بیان کو نمایاں کیا ہے کہ پانی کے تحفظ کے لئے ساتھ مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے۔

جموں و کشمیر میں اسمبلی انتخابات کے پہلے مرحلے کے لیے سبھی تیاریاں مکمل، آج پہلے مرحلے میں 90  نشستوں کے لیے پولنگ ہوگی۔ اس خبر کو سبھی اخباروں نے سرخی بنایا ہے۔

بھارت کے چیف جسٹس ڈی وائی چندرچوڑ کا یہ بیان بھی کئی اخباروں میں ہے کہ خواتین کو رعایت نہیں بلکہ عزت آزادی اور مساوی حقوق چاہئیں۔

روزنامہ پرتاپ کے مطابق صدر جمہوریہ دروپدی مرمو 28 ستمبر کو راشٹرپتی نیلائم میں آرٹس فیسٹول کا افتتاح کریں گی۔

اور:  وزیراعظم مودی 21 سے 23 ستمبر تک امریکہ کا دورہ کریں گے۔ وہ کواڈ سمِٹ میں شامل ہوں گے۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 جموں وکشمیر میں پہلے مرحلے کے اسمبلی انتخابات شروع ہوگئے ہیں۔ یہاں 24 سیٹوں پر ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔ دفعہ 370 ختم کئے جانے کے بعد یہ انتخابات پہلی بار ہورہے ہیں، جن کیلئے وسیع حفاظتی انتظامات کئے گئے ہیں۔

2 مرکز نے، خردنی تیل انجمنوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ خردنی تیل کی قیمتوں میں اُس وقت تک اضافہ نہ کریں جب تک، کم کسٹمس ڈیوٹی پر درآمد کیا گیا موجودہ ذخیرہ دستیاب ہے۔

3 صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج راجستھان میں MNIT جے پور کے، سندوں کی تقسیم کے سالانہ جلسے میں شرکت کریں گی۔

4 وزیراعظم نریندر مودی، کواڈ رہنماؤں کی چوتھی سربراہ کانفرنس میں شرکت کیلئے 21 ستمبر کو امریکہ جائیں گے۔

5 اقوام متحدہ نے کہا ہے کہ لبنان میں پیجر دھماکے، تشویش میں بہت زیادہ اضافہ کرنے کے موجب ہیں۔

6 اور وزیراعظم نریندر مودی نے، بھارت کی مردوں کی ہاکی ٹیم کو، ریکارڈ پانچویں مرتبہ ایشین چمپئنس ٹرافی جیتنے پر مبارکباد دی ہے۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------